# تعلقات عامہ دفتر

## جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

December 02, 2024

پریس ریلیز

### جامعہ ملیہ اسلامیہ میں تعلیمی سال دو ہزار چوبیس پچیس میں پی ایچ ڈی پروگرام کے لیے ریکارڈ نمبر درخواستیں موصول ہوئیں

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں تعلیمی سال دو ہزار چوبیس اور پچیس کے لیے پی ایچ ڈی پروگرام میں برائے داخلہ ریکارڈ نمبر درخواستیں موصول ہونے کے ساتھ ایک نئی تاریخ رقم ہوئی ہے۔ جامعہ نے مختلف فیکلٹیز، ڈپارٹمنٹس اور سینٹرز کے اڑسٹھ پی ایچ ڈی پروگراموں کے لیے درخواستیں طلب کی تھیں۔ ایکز یمٹیڈ کٹیگری سے سینتیس سو انسٹھ اور نان ایکز یمٹیڈ کٹیگری سے تینتیس سو سینتالیس سمیت کل سات ہزار ایک سو چھ درخواستیں موصول ہوئیں۔ یونیورسٹی کیمپس میں موجود چھ مراکز پر مورخہ تیس نومبر اور یکم دسمبر دو ہزار چوبیس کو پی ایچ ڈی پروگرام کے لیے داخلہ ٹسٹ منعقد ہوا تھا۔

ابتدا میں آن لائن درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ تیس اکتوبر دو ہزار چوبیس تھی لیکن بعد میں اس کی تاریخ میں پندرہ نومبر دو ہزار چوبیس تک توسیع کی گئی تھی۔ علاوہ ازیں فارم میں ایڈیٹنگ کے لیے اٹھارہ نومبر دو ہزار چوبیس تک فارم کو دستیاب کرایا گیا تھا۔

پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مسجل پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی کے ساتھ ٹسٹ مراکز کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ پراکٹر آفس اور کنٹرولر امتحانات، جامعہ ملیہ اسلامیہ بھی تھے۔ دورہ کے دوران انھوں نے داخلہ ٹسٹ میں شامل طلبہ سے بات چیت کی اور دفتر کنٹرولر امتحانات، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی جانب سے اس سلسلے میں کیے گئے انتظامات پر اظہار اطمینان کیا۔

شیخ الجامعہ نے دفتر کنٹرولر امتحانات کو ہدایت دی کہ ہر طالب علم کا اسکور کارڈ جاری کریں جس میں داخلہ ٹسٹ میں حاصل شدہ فائنل نمبرات درج ہوں۔ داخلہ کاروائی میں شفافیت کو بہتر کرنے کے لیے اس پہل پر عمل آوری ہو رہی ہے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی